وزیراعلیٰ مریم نواز کا بہت بڑا اقدام' سوشل میڈیا پر ہراسمنٹ اور بلیک میلنگ کے خاتمے کیلئے پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری' سوشل میڈیا کریمنلز کو انجام تک پہنچا کر مثال قائم کریں گے: مریم نواز

سائبر کرائم بہت بڑا چیلنج نئی نسل کا تحفظ چاہتے ہیں

# بچیوں کو بلیک میلنگ سے بچانے کیلئے ٹیکنالوجی کا بھرپور استعمال کیا جائیگا

سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ سے متاثرہ کم عمر بچے اور بچیوں کی شکایت کے اندراج کیلئے موبائل یونٹ قائم کیا جائیگا' سوشل میڈیا ہراسمنٹ کا شکار بچے بالخصوص خواتین و چیلڈ پولیس اسٹیشن پر بھی شکایت درج کرا سکیں گی

سائبر کرائم یونٹ فرنٹ ڈیسک اور "پی کے ایم" ایپ پر بھی شکایت درج کی جا سکے گی' سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا ارتکاب کرنیوالے مجرموں کو قرار واقعی سزا دینے کیلئے قانون سازی کا فیصلہ

پنجاب ان لائن سیفٹی ایکٹ 2026ء کے ابتدائی مسودے پر کام شروع' وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی سائبر کرائم کی سرکوبی کیلئے پروایکٹو اپروچ اپنانے کی ہدایت' سوشل میڈیا مانیٹرنگ اور سرویلنس کیلئے انٹیلی جنس سسٹم بھی قائم کیا جائیگا

کسی بھی شخص کو دوسروں کی پرائیویسی میں دخل اندازی کا ہرگز حق حاصل نہیں' ایکٹ میں پولیس سائبر پٹرول ونگ اور سائبر پولیس ایکٹ کے تحت وزیراعلیٰ مریم نواز کی زیر صدارت خصوصی اجلاس میں سائبر کرائم کے حوالے سے اہم فیصلے

لاہور (نیوز ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے بہت بڑا اقدام اٹھاتے ہوئے سوشل میڈیا پر بچوں اور خواتین کی ہراسمنٹ اور بلیک میلنگ کے خاتمے کیلئے پنجاب سائبر کرائم یونٹ کے قیام کی منظوری دے دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ بلیک میلنگ اور ہراسمنٹ کا شکار بچوں اور بچیوں کو شکایت کیلئے کسی تھانے یا دفتر میں نہیں جانا پڑے گا۔ سوشل میڈیا بلیک میلنگ اور

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 3

لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف خصوصی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں۔

Online-www.dailysaafsaaf.com Email-dailysaafsaaf@yahoo.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED رحیم یار خان کا کثیر الاشاعت اخبار

Daily SAAF SAAF Rahim Yar Khan

روزنامہ صاف صاف پاکستان

چیف ایڈیٹر رحیم یار خان

حبیب اللہ ملک

ایڈیٹر: انجینئر شہریار ملک

جلد نمبر 25 | بروز ہفتہ 11 اپریل 2026ء 22 شوال 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 248

0345/0334-8676363

پاکستان دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا' امریکی نائب صدر جے ڈی وینس' امریکی مذاکرات کار سٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان آئینگے' ایران کی نمائندگی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف کرینگے

پاکستان امن کی پہچان

# امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات کا آغاز آج اسلام آباد میں ہوگا

وزیراعظم شہباز شریف کا مذاکرات کے مقام کا دورہ' سکیورٹی انتظامات کا جائزہ' وزیراعظم کی زیر صدارت اعلیٰ سطح کا اجلاس' سول و عسکری قیادت کا مذاکرات کو کامیاب بنانے کے عزم کا اظہار' پاکستان میں ایران امریکا جنگ بندی پر یوم تشکر منایا گیا' نماز جمعہ کے اجتماعات میں مذاکرات کی کامیابی اور خطے میں مستقل امن و خوشحالی کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں' حکومت کا غیر ملکی صحافیوں اور مندوبین کیلئے اسلام آباد پہنچنے پر ویزا دینے کی سہولت کا اعلان' ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف کا جنگ بندی میں پاکستان کی کوششوں کو سراہتے ہوئے اسلام آباد مذاکرات میں ایران کی فعال شرکت کا اعلان

آج بات چیت کے پہلے دور میں ایران اور امریکہ کے وفود شرکت کریں گے اور کل صبح ہونیوالی ملاقات کا ایجنڈا طے کرینگے' مذاکرات ایک محفوظ' خفیہ مقام پر میڈیا کی رسائی سے دور منعقد ہونگے' امریکی' ایرانی حکام کی بالمشافہ ملاقات کا امکان بھی مسترد نہیں کیا گیا' مذاکرات میں وزیراعظم شہباز شریف اور نائب وزیراعظم اسحٰق ڈار شریک ہونگے' ان مذاکرات کو خطے میں امن کیلئے ایک بڑی سفارتی پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے' امریکی وفد کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس قیادت کرینگے' ایران کا وفد وزیر خارجہ عراقچی اور اسپیکر باقر قالیباف کی قیادت میں شریک ہوگا' مذاکرات میں کشیدگی کے خاتمے' جنگ بندی کے خدوخال اور اعتماد سازی کے اقدامات پر غور کیا جائیگا' پاکستان ان مذاکرات کی میزبانی کرتے ہوئے فریقین کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے' سفارتی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ مذاکرات نہ صرف ایران اور امریکہ کے تعلقات میں بہتری کی راہ ہموار کر سکتے ہیں بلکہ مشرق وسطیٰ میں وسیع تر استحکام کیلئے بھی اہم ثابت ہونگے

ثالثی کے کردار نے عالمی بحران میں پاکستان کی حیثیت کو ایک اہم سفارتی کھلاڑی کے طور پر مشترکہ طور پر بلند کر دیا ہے' حکام نے اس بات پر زور دیا ہے کہ پاکستان کا کردار شہرت حاصل کرنیکی کوشش نہیں بلکہ دوایسے حلیفوں کے درمیان باعتماد مکالمے کی سہولت کاری ہے جو دہائیوں سے دشمنی میں جکڑے ہوئے ہیں

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) امریکا اور ایران کے درمیان جنگ بندی کے بعد پاکستان دنیا کی توجہ کا مرکز بن گیا' امریکی نائب صدر جے ڈی وینس' امریکی مذاکرات کار سٹیو وٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان آئینگے' ایران کی نمائندگی وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر باقر قالیباف کرینگے' میزبانی میں فریقین کے درمیان مذاکرات آج شروع ہوں گے اور ان مذاکرات کا اہم

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 1

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد میں ہوں گے۔ ایران اور امریکا کے درمیان ہفتہ کو مذاکرات کی شروع ہونیوالی ملاقات کا ایجنڈا طے کرنے کیلئے دونوں وفود کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس قیادت کرینگے' ایران کا وفد وزیر خارجہ عراقچی اور اسپیکر باقر قالیباف کی قیادت میں شریک ہوگا' مذاکرات میں کشیدگی کے خاتمے' جنگ بندی کے خدوخال اور اعتماد سازی کے اقدامات پر غور کیا جائیگا' پاکستان ان مذاکرات کی میزبانی کرتے ہوئے فریقین کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے' سفارتی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ مذاکرات نہ صرف ایران اور امریکہ کے تعلقات میں بہتری کی راہ ہموار کر سکتے ہیں بلکہ مشرق وسطیٰ میں وسیع تر استحکام کیلئے بھی اہم ثابت ہونگے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) اسلام آباد میں ہوں گے اور ان مذاکرات کا اہم ایجنڈا طے کرنے کیلئے دونوں وفود کی قیادت نائب صدر جے ڈی وینس قیادت کرینگے' ایران کا وفد وزیر خارجہ عراقچی اور اسپیکر باقر قالیباف کی قیادت میں شریک ہوگا' مذاکرات میں کشیدگی کے خاتمے' جنگ بندی کے خدوخال اور اعتماد سازی کے اقدامات پر غور کیا جائیگا' پاکستان ان مذاکرات کی میزبانی کرتے ہوئے فریقین کو قریب لانے میں اہم کردار ادا کر رہا ہے' سفارتی حلقوں کا کہنا ہے کہ یہ مذاکرات نہ صرف ایران اور امریکہ کے تعلقات میں بہتری کی راہ ہموار کر سکتے ہیں بلکہ مشرق وسطیٰ میں وسیع تر استحکام کیلئے بھی اہم ثابت ہونگے

## میپکو کا بجلی چوروں کیخلاف بڑا کریک ڈاؤن متعدد افراد گرفتار بھاری جرمانے

ایس ڈی او شہروز خان کی قیادت میں میپکو کی پاکستان رینجرز اور پنجاب پولیس کے ہمراہ نور ریوالی اور بستی ہیراں کے علاقوں میں مشترکہ کارروائی

متعدد صارفین بجلی چوری میں ملوث پائے گئے' غیر قانونی کنکشنز منقطع' مقدمات درج' پانچ لاکھ روپے کی ریکوری عمل میں لائی گئی' بجلی چوری کی رعایت کے تحت نہیں' شہروز خان

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ایسپین میپکو رحیم یار خان' اقبال حسین بھٹو کی خصوصی ہدایات پر ایس ڈی او سٹاف ٹاؤن سب ڈویژن رحیم یار خان شہروز خان کی سربراہی میں بجلی چوری کیخلاف ایک مربوط اور بھرپور آپریشن کیا گیا' کارروائی میں میپکو کی ریکوری ٹیم' اسٹاف نیوں کیساتھ پاکستان رینجرز اور

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 5

رحیم یار خان: ایس ڈی او شہروز خان کی قیادت میں میپکو، رینجرز اور پولیس کی مشترکہ ٹیمیں بجلی چوروں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے' کارروائی کے دوران منقطع کیے گئے کنکشن درج مقدمہ کا عکس

## شیخ زید ہسپتال میں جدید سہولیات سے آراستہ ویٹنگ ایریا کا سنگ بنیاد

متعلقہ حکام کی جانب سے ڈپٹی کمشنر کو انتظار گاہ کے قیام کی ضرورت، مجوزہ سہولیات اور منصوبے کی بروقت تکمیل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی

عوام کو سرکاری ہسپتالوں میں بہتر سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے' مریضوں کے ورثا کو درپیش مشکلات میں نمایاں کمی آئیگی' ظہیر الاورچہ

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ شیخ زید ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کے ورثا کی سہولت کے پیش نظر جدید سہولیات سے آراستہ انتظار گاہ (ویٹنگ ایریا) کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

رحیم یار خان (نیوز ڈیسک) ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ نے شیخ زید ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کے ورثا کی سہولت کے پیش نظر

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 6

## پڑولیم ایجنسیاں قائم کر کے مصنوعات فروخت کرنے پر اسسٹنٹ کمشنر کی کارروائی

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) پابندی کے

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 7

## ضلع بھر میں 11 لاکھ 42 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے پلائے جائینگے

ڈپٹی کمشنر کی گزشتہ مہم کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے اہداف حاصل نہ کرنیوالی یونین کونسلز پر تشویش کا اظہار

13 تا 16 اپریل تک جاری رہنے والی انسداد پولیو مہم کیلئے 9 ہزار 241 افسران و اہلکار فرائض سرانجام دیں گے

رحیم یار خان (نیوز ڈیسک) ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ کی زیر صدارت ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کا اجلاس منعقد ہوا جس میں 13 تا 16 اپریل تک جاری رہنے والی پولیو کمپنی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں انسداد پولیو مہم کے انتظامات عملی تربیت،

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 8

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ ضلعی انسداد پولیو کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## سلام آباد امن مذاکرات سے بہت پرامید' اسرائیل حملے کم کر دیگا' ٹرمپ

ایران کیساتھ امن معاہدہ قریب ہو سکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے' توقع ہے کہ سفارتی کوششیں جلد نتائج دیں گی

ایرانی قیادت مذاکرات میں معقول رویہ اختیار کیے ہوئے ہے' اگر معاہدہ نہ ہوا تو صورتحال بہت تکلیف دہ ہو سکتی ہے: امریکی صدر

واشنگٹن (نیوز ڈیسک) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے ساتھ امن معاہدہ قریب ہو سکتا ہے اور پیش رفت مثبت سمت میں جاری ہے جبکہ اسرائیل بھی

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 9

## ڈپٹی کمشنر نے گورنمنٹ گرلز کالج میں شجرکاری مہم کے سلسلہ میں پودا لگایا

طلبہ و طالبات بھی شجرکاری مہم میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں: ظہیر الاورچہ

رحیم یار خان (نیوز ڈیسک) ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ نے گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج برائے خواتین میں شجرکاری مہم

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 10

رحیم یار خان: ڈپٹی کمشنر ظہیر الاورچہ شیخ زید ہسپتال میں زیر علاج مریضوں کے ورثا کی سہولت کے پیش نظر جدید سہولیات سے آراستہ انتظار گاہ کا سنگ بنیاد رکھ رہے ہیں۔

## نذر یاحمد طاہر قادری کی پیر سید لخت حسنین شاہ سے ملاقات

دنیاوی معاملات کیساتھ ساتھ آخرت کی فکر اور خدمت خلق کے جذبے پر گفتگو

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) ایکس سروس مین سوسائٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری نذر یاحمد طاہر قادری اپنے روحانی پیشوا پیر

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 14

رحیم یار خان: ایکس سروس مین سوسائٹی کے ضلعی جنرل سیکرٹری نذر یاحمد طاہر قادری کا چیئرمین مسلم چیلنجرز سپورٹس کلب پیر سید لخت حسنین شاہ اور پیر سید ضیا بالنور شاہ سے ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو۔

## ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کا گورنمنٹ کینال گرلز سیکنڈری سکول کا دورہ

امتحانی مرکز کے مختلف کمروں کا معائنہ' سہولیات اور سکیورٹی اقدامات کا جائزہ

رحیم یار خان (نیوز ڈیسک) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ملک فاروق احمد نے گورنمنٹ کینال گرلز سیکنڈری سکول میں قائم

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 15

ایس ایچ او حاری ضیاء الحق چاشیہ تھانہ صدر صادق آباد کو قرار ملزمان اور برآمد مال کی تفصیل بتاتے ہوئے

## تھانہ صدر صادق آباد پولیس کی کارروائی' دو تگیں وارداتیں ٹریس

چار ملزمان گرفتار' ملزمان کی نشاندہی پر مسروقہ مال برآمد

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) تھانہ صدر صادق آباد پولیس کی بڑی کارروائی' دو تگیں وارداتیں ٹریس' چار ملزمان گرفتار' وارداتوں میں چوری شدہ طلائی زیورات و نقد مالیتی 55 لاکھ روپے اور اسلحہ برآمد' تفصیل

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 16

## نازو خان گروہ سرگرم' ٹبی کورائیاں منشیات کا گڑھ بن گئی

قصبہ ٹبی کورائیاں میں منشیات کا کھلے عام کاروبار' محمد نواز عرف نازو خان اور نیاز احمد کا سپیڈ ریج' گروہ میں خواتین بھی شامل

منشیات کی لت وجہ سے کئی نوجوان زندگی کی بازی ہار گئے' سی سی ڈی پولیس پر سوالیہ نشان؟ کارروائی کا مطالبہ

رحیم یار خان (کرائم رپورٹر) قصبہ ٹبی کورائیاں میں منشیات کا کھلے عام کاروبار' محمد نواز عرف نازو خان اور نیاز احمد کا سپیڈ ریج' اس گروہ میں خواتین بھی شامل' سی سی ڈی پولیس پر سوالیہ نشان؟ قصبہ ٹبی کورائیاں جرائم

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 13

رحیم یار خان: نشے کی لت پوری کرتے ہوئے دوسری طرف سپیڈ منشیات فروش محمد نواز عرف نازو و نیاز احمد کی فائل فوٹو موجود ہے۔

## ایرانی نائب صدر: ایران مذاکرات میں شریک ہوگا مگر امریکا پر اعتماد نہیں

امریکا کی' دھوکا دہی و اشتعال' کے باعث ایران ان مذاکرات میں محتاط انداز اپنائے گا لیکن اس کے باوجود سفارتی عمل کو آگے بڑھانے کیلئے سنجیدہ ہیں' پاکستان کی کوششوں سے صبوری جنگ بندی ممکن ہوئی: محمد رضا عارف

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایران کے نائب صدر محمد رضا عارف نے کہا ہے کہ ایران اسلام آباد میں ہونے والے اہم مذاکرات میں بھرپور اور فعال شرکت کرے گا، تاہم امریکا کے رویے پر گہرے شکوک و شبہات

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 11

## جاوید اکبر ڈھلوں اور محمود الحسن کی چودھری جعفر اقبال سے ملاقات

خلیج جنگ نے پاکستان کی معیشت اور عوام پر جو اثرات مرتب کئے ہیں

رحیم یار خان (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ڈویژنل صدر سابق ممبر صوبائی اسمبلی انجینئر جاوید اکبر ڈھلوں اور

باقی صفحہ آخر پیجنمبر 12

رحیم یار خان: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ڈویژنل صدر انجینئر جاوید اکبر ڈھلوں کا سابق ممبر صوبائی اسمبلی چودھری جعفر اقبال کی رہائش گاہ پر ملاقات کے موقع پر شرکا کا گروپ فوٹو

عمدہ اور لذیذ مٹھائیوں کا مرکز

جالندھر سویٹس اینڈ بیکرز

شاہی روڈ رحیم یار خان فون 068-5885900


**01** چینل

مرکزی مرحلہ طے ہو گیا، امریکی نائب صدر سے ڈی ویس، امریکی مذاکرات کار سٹیو وِٹکوف اور صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے داماد جیرڈ کشنر پاکستان آئیں گے۔ امریکی ان کی ملاقات وزیر خارجہ عباس عراقچی اور ایرانی پارلیمنٹ کے سپیکر قالیباف کریں گے، اس سلسلے کے مقام کا وہ رکا جہاں انہوں نے سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا، امریکی میڈیا کا اکثر وبیشتر ذرائع نے کہا کہ وہ اسلام آباد میں جاری مذاکرات کے حوالے سے بہت پُر امید ہیں اور توقع رکھتے ہیں کہ سفارتی کوششیں جلد نتائج دیں گی، ٹیلے میں کشیدگی کی وجہ سے ہوا اور اسرائیل بھی اپنے حملے کم کرے گا۔ ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف